1۔قرنتیوں 3:18-23

مزمور23

## مقدس لوقا 5 :1-11

## اس وقت سے تو آدم گیری کرے گا۔مقدس لوقا 10:5

زندگی خوبصورت ہوتی ہے جب یہ دوسروں کے لئے ایک خوبصورت تحفہ بن جائے۔ مقدس پطرسؔ نے اُس دن اِس سچائی کا تجربہ کیا۔ جب اُس نے اپنی کشتی خُداوند یسوعؔ کے حوالے کردی۔ اَور وہ اُس کی بات سننے کے لئے وہیں رہا۔اَور اِس کے بعد جب اُس نے خُداوند کے کلام پر بھروسہ کرتے ہوئے دوبارہ مچھلی پکڑنے کا فیصلہ قبول کیا۔ اگر میں خُداوند یسوعؔ مسیح کا کلام سنتا اَور اُس پر بھروسہ کرتا ہوں۔تو وہی جانتا ہے کہ اُس نے میری زندگی کو کس طرح تحفے میں بدلنا ہے۔

1 قرنتیوں 4:1-5 زبور36

## مقدس لوقا 5 :33-39

## نئی مے نئی مشکوں میں بھرنی چاہیئے ۔مقدس لوقا 38:5

نئی مے اَورنئی مشکیں ۔یسوؔع یہاں ایک نئی مذہبیت کی بات کررہے ہیں۔اس کے مطابق صرف وہی زندگی گزارسکتاہےَ ۔جوخُداوندیسوؔع مسیح کے ساتھ رہتاہےَ ۔ایسا شخص ایک نئی مشک کی مانند ہےَ ۔وہ خُداباپ کے ساتھ فرزند کے طور پر شکرگزاری کے ساتھ نئے رشتے کوقبول کرتاہےَ ۔محبت پر مبنی مستقل رشتے میں ،اُس کی تمام روحانی وابستگی ،اُس کے روزے اَورہدیے زندگی کے واقعات میں رہتے ہیں۔

# گریگوری دی اعظم

1۔قرنتیوں 15-6:4 مزمور144

مقدس لوقا 5-1:6

## مَیں مسیح یسوعؔ میں تمہارا باپ ہوُا۔1۔قرنتیوں 15:4

ایک ماں بچے کو جنم دیتے وقت اپنی ضرورت اور کوشش کو جانتی ہے۔اور ساتھ ہی یہ بھی جانتی ہے کہ جو بچہ اُس سے پیدا ہوا ہے۔وہ خود سے بڑھتا ہے۔مقدس پولوسؔ رسول بھی اپنی تمام تر توانائیاں خُداوند یسوعؔ مسیح کی بشارت دینے میں صرف کرتا ہے۔اُس نے اپنے روحانی بچوں کی زندگی میں اُسے قبول کیا ہے۔وہ ان کے ایمان کو مضبوط کرنے کے لئے ان کی اصلاح کرتا ہے۔اس کے بعد وہ یہ بھی جانتا ہے۔کہ اُس نے انہیں کس طرح خُدا کے فضل کے حوالے کرنا ہے۔

حکمت 9:13-18　　　مزمور 89

فلیمون 9-10,12-17　　　مقدس لوقا 14:25-33

## جو اپنی صلیب نہ اٹھائے اُور میرے پیچھے نہ آئے وہ میرا شاگرد نہیں ہوسکتا۔

## مقدس لوقا 14:27

اے پیارے یسوعؔ، ہماری خوشی صرف یہ ہےَ۔ کہ تو آج سے لے کر ہر زمانے میں ہمیں پیار کرتا اُور بچاتا ہےَ۔ پھر بھی تو صلیب کی بات کرتا ہےَ۔ جو ہر روز تیرے شاگردوں کی زندگی میں موجود رہتی ہےَ۔ جو ہمارے دُکھوں کا باعث ہے وہ پُرانے انسان کی موت ہےَ۔ اگر ہم سکون سے اس کو قبول کرتے ہیں تو وہ ہمیں اپنے ساتھ جی اُٹھنے والی زندگی میں پہنچنے کا یقین دلاتا ہےَ۔ اے خُداوند تو ابدی زندگی ہمارے لئےَ اُور ہمارے بہن بھائیوں کے لئےَ ممکن بنا۔ اے پیارے یسوعؔ تیرا شکر ہو۔

## کلکتہ کی مقدسہ ٹریضہ

1۔قرنتیوں 5:1-8 مزمور 5

### مقدس لوقا 6:6-11

## اکثروں سے سنتے ہیں کہ تمہارے درمیان حرامکاری ہوتی ہے۔

### 1۔قرنتیوں 5:1

مقدس پولوس رسول قُرنتس میں مسیحی جماعت کے نومُریدوں کو نصیحت کرتے ہیں۔ جن کے درمیان غیرقوم کے رویوں کی کچھ باقیات ابھی باقی پائی جاتی تھیں۔ آج دو ہزار برس کے بعد مقدس پولوس رسول وہی تنبیہ بہت سے مسیحیوں کے لئے دہراتے ہیں۔ بہت سے مسیحی ویسی ہی اقدار اور رویے اپنائے ہوئے ہیں۔ جس میں بداخلاقی کو بنیادی حقوق اور آزادی میں شامل کیا جاتا ہے۔ اَے روح القدس آ اور ہمیں پاک کر۔

1۔قرنتیوں 11-1:6

مزمور149

## مقدس لوقا 6 :12-19

## وہ اُس کی سننے اَور اپنی بیماریوں سے شفا پانے کے لئے آئے تھے۔

## مقدس لوقا 18:6

اُسی ہجوم میں خُداوند یسوعؔ مسیح نے پہلے ہی سے بنی نوع انسان کو شفا دینے اور نجات بخش کلام کی ضرورت کو محسوس کر لیا تھا۔اُس نے صرف بارہ آدمیوں کو چُنا جو تمام لوگوں کے پاس بھیجے گئے تا کہ اُس کی محبت کی خوشخبری ہر جگہ پہنچے کیونکہ ہر کسی کو اِس سے فائدہ اُٹھانے کی ضرورت ہے۔

1۔قرنتیوں 7:25-31 مزمور 44

مقدس لوقا 6:20-26

## اُس نے نظر کر کے کہا۔مُبارک ہو تُم جو غریب ہو۔مقدس لوقا 6:20

خُداوند یسوعؔ مسیح کے سامنے اُس کے شاگرد تھے۔ اُس نے اُنہیں ''غریب'' دیکھا۔کیونکہ وہ اپنے پیچھے سب کچھ چھوڑ آئے تھے۔اُن کے پاس صرف یسوعؔ تھا۔ خُداوند یسوعؔ مسیح اُنہیں مُبارک قرار دیتے ہیں۔مُبارک کا مطلب ہے کہ وہ اپنے آسمانی باپ کے دل کے قریب ہیں۔اَے پیارے یسوعؔ،تو مجھے بھی اپنے سامنے اپنی پرسکون اَور شائستہ نظروں سے دیکھتے ہوئے غریب پا۔

## مقدسہ مریمؔ کنواری کی پیدائش

میکاہ 5:1-4 یا رومیوں 8:28-30 مزمور 12

## مقدس متی 1:1-16,18-23

## وہ اُس کا نام عمانوایل رکھیں گے۔ مقدس متی 1:23

عمانوایلؔ جس کا ترجمہ ہے خُدا ہمارے ساتھ ہےَ۔ مقدس متی اپنی انجیل میں عمانوایل کے ترجمہ کو شامل کرتا ہےَ۔ آج مقدسہ مریمؔ کی ولادت کی عید کے موقعہ پر ہم سے نجات کے وعدہ کی تکمیل کا جشن مناتے ہیں۔ وعدہ جس کی پیشنگوئیاں عہدِ عتیق میں بیان کی گئی ہیں۔ آج ہم مقدسہ مریمؔ کے یوم ولادت کی عید مناتے ہیں۔ جس نے اپنی ذاتی ہاں کو مقدس یوسفؔ کی ہاں سے ہاں ملاتے ہوئے اپنے پیارے بچوں کے درمیان خُدا کی موجودگی کو ممکن بنایا۔ جسے خُدا نے اپنے منصوبہ میں مرئی، مجسم اَور قابلِ رسائی بنایا۔

## مقدس پطرؔس کلاور

1۔قرنتیوں 27-22,19-16:9 | مزمور 83

### مقدس لوقا 42-39:6

### اے ریاکار پہلے شہتیر کو اپنی آنکھ میں سے نکال۔مقدس لوقا 42:6

اے پیارے یسوؔع، میں نہیں چاہتا کہ میں اِس ملامت کا مستحق بنوں۔اس کی بجائے مَیں جانتا ہوں کہ تیرا دِل ہمیشہ اُس شخص کے لئے رحم سے بھرا رہتا ہےَ جو اِس حقیقت کو تسلیم کرنے کے لئے ہمیشہ تیار رہتا ہےَ وہ ایک نازک مخلوق ہونے کے ناطے، ہمیشہ تیرے رحم، اَور اسی طرح اپنے بہن بھائیوں کے رحم کا محتاج رہتا ہےَ۔اے پیارے یسوؔع مجھے بھی پاک کردے۔تاکہ میں تیری محبت کا آلہ بن جاؤں جو پاک اَور منور کرتا ہےَ۔

1۔قرنتیوں 22-14:10

مزمور115

مقدس لوقا 6 :49-43

## ہم سب اِس ایک روٹی میں شریک ہوتے ہیں۔1۔قرنتیوں 17:10

وہ روٹی جس میں ہم شریک ہوتے ہیں۔وہ روح القدس کی قدرت سے مسیح کے بدن میں تبدیل ہونے کے بعد ہم سب کو متحد کرتی اور مسیح یسوعؔ میں ہمیں ایک بناتی ہے۔پاک شراکت یسوعؔ اَور اُس کی کلیسیا کے تمام افراد کے ساتھ شراکت ہے۔تب ہماری زندگی اتحاد،محبت،امن اَور استحکام جیسے اچھے پھل لاسکتی ہے۔اِسی وجہ سے میں کل سے جی اُٹھے یسوعؔ کے ساتھ اتوار کے کھانے میں خوشی سے شریک ہوا کروں گا۔

خروج 32:7-11,13-14 مزمور 50

1۔تیموتاؤس 1:12-17 مقدس لوقا 1:15-32

## میں نے اپنی کھوئی ہوئی بھیڑ پائی۔مقدس لوقا 6:15

اے پیارے یسوعؔ تو اچھا چرواہا ہے۔ اَور مَیں انسانیت کا حصہ ہوں۔یعنی وہ سرکش اَور موجی بھیڑ ہوں۔اپنے آسمانی باپ پر بھروسہ نہ ہونے کی وجہ سے ہم برگشتہ ہو گئے ہیں۔ صرف ہمارے مصلوب خُداوند اَور چرواہے کے ہاتھ ہی ہمیں بغیر کسی ملامت اَور بغیر کسی سزا کے برعکس اُس کی محبت کا گلے سے لگانا ہی پاتال سے بچا سکتا ہیں۔اے پیارے یسوعؔ تیرا شکر ہو۔

# مقدسہ مریمؔ کے نہایت مُبارک نام کی عید

ا۔قرنتیوں 33,26-17:11

مزمور 39

مقدس لوقا 10-1:7

## یہ میرا بدن ہے جو تمہاری خاطر ہے۔1۔قرنتیوں 24:11

آج ہم مقدسہ مریمؔ کے نہایت مُبارک نام کی عید مناتے ہیں۔اَور میری خواہش ہےَ کہ اِسی طرح میرا نام بھی بن جائے۔ درحقیقت اِس کا مفہوم یہ ہےَ کہ ''خُدا میرا خُداوند ہے''۔آج کلام مقدس ہمیں یہ سمجھنے میں مدد دیتا ہےَ کہ مقدسہ مریمؔ نے یسوعؔ کے پاک بدن کو جنم دیا اَور اِس کی پرورش کی۔ ہمارے لئے یہ خوشی، اُمید اَور ابدی زندگی ہےَ۔اے مقدسہ ماں تیرا شکر ہو۔

# مقدس جان کرزاسٹم بشپ اَور معلمِ کلیسیا کی عید

1۔قرنتیوں12:12-14,27-31 مزمور99

## مقدس لوقا 7:11-17

## خُدا نے اپنی اُمت پر نظر کی ہے۔مقدس لوقا 7:16

میں اُس خوشی کا تصور کرتا ہوں جو ایک جنازے کو لے جاتے وقت خوشی کے جشن میں بدل گئی۔ میں اُس بیوہ کی خوشی کی انتہا کو دیکھ سکتا ہوں۔جس کا بیٹا مر چکا تھا وہ اُسے زندہ حالت میں دوبارہ مل گیا۔مَیں مریؔم اَور شاگردوں کی خوشی کا بھی اندازہ کر سکتا ہوں۔ جنہوں نے جی اُٹھے یسوؔع کو دوبارہ اپنے ساتھ پایا تھا۔میں بھی اِسی خوشی میں جی رہا ہوں۔کیونکہ وہ صرف ایک نبی ہی نہیں ، بلکہ واقعی خود خُدا ہمارے ہاں آیا تھا۔اَور اُس نے تمام انسانیت کی زندگی بحال کی تھی۔

# صلیب کی سرفرازی کی عید

مزمور 77

عدد 9-4:21 یا فیلپیوں 11-6:2

مقدس یوحنا 17-13:3

**خُدا نے دُنیا کو ایسا پیار کیا کہ اُس نے اپنا اکلوتا بیٹا بخش دیا۔ مقدس یوحنا 16:3**

آج ہم بے لوث محبت کی عید مناتے ہیں جس نے ہم

اُس نے نافرمانی کے بعد ہمیں بے جان دیکھا تو وہ ہ

دُنیا کو بخش دینا بہت بڑی قیمت تھی۔ صلیب پر اُس

وسیلہ بن گئی۔ اَے باپ تیرا شکر ہو۔ اَے یسوعؔ تیرا ش

# غمزدہ ماں کی عید

عبرانیوں 5:7-9 مزمور 30

## مقدس یوحنا 19:25-27 یا مقدس لوقا 2:33-35

## اے خاتون دیکھ تیرا بیٹا۔ مقدس یوحنا 19:26

یسوؔع نے ''اُس شاگرد کو جسے وہ پیار کرتا تھا'' صلیب کے پاس کھڑے دیکھا۔ کیا میَں وہ شاگرد ہوسکتا ہوں؟ کیا آپ وہ شاگرد ہوسکتے ہیں؟ ہم سب جو اُس کے کلام کے مطابق زندگی گزارتے ہیں کیا ہم وہ شاگرد ہوسکتے ہیں؟ اَور مقدسہ مریؔم خُداوند یسوؔع مسیح کی طرف سے صلیب پر سپرد کیئے ہوئے اُس کے کام کو جاری رکھے ہوئے ہیں۔ وہ ہماری ماں ہےَ۔ ایک ایسی ماں جو ہمیں سمجھتی ہےَ۔ اَور ہمیں تسلی دیتی ہےَ۔ اَور جو خداوند یسوؔع مسیح کی پیروی کرنے کے لئے ہمیں ہمت دیتی ہےَ۔ اے مقدسہ مریؔم غمزدہ کنواری، تو جو ہمیں بے حد پیار کرتی اَور ہمارے لئے ہر وقت شفاعت کرتی ہے۔ ہم بھی اپنے آپ کو تیری سپردگی میں دیتے ہیں۔

---

---

---

---

## مقدس پوپ قرنیلیس اَور مقدس سپرین شہید کی عید

1۔قرنتیوں 20-12:15

مزمور16

مقدس لوقا 3-1:8

### اگر مسیح نہیں جی اُٹھا تو تمہارا ایمان بے فائدہ ہے۔1۔قرنتیوں 17:15

اے پیارے یسوعؐ، میرا اِیمان ہے کہ تو جی اُٹھا ہے۔اَور تو اپنے محبت کرنے والوں کے دلوں میں رہتا ہے۔میں اپنی زندگی اَور موت کو اَور اِسی طرح اپنے عزیزوں کی زندگی اَور موت کو اطمینان کے ساتھ دیکھ سکتا ہوں۔اَے پیارے یسوعؐ تو ہمیں کبھی ترک نہیں کرتا۔ایمان کی ایک بڑی بخشش کے لئے تیرا شکر ہو۔میَں اُن کے لئے بھی تیرا شکر کرتا ہوں جو میرے لئے دُعا کرتے ہیں کہ میَں اپنے ایمان میں قائم رہوں۔

## مقدس رابرٹ بیلارمائن بشپ اَور معلم کی عید

1۔قرنتیوں 15;35-37,42-49 مزمور55

مقدس لوقا 8:4-15

### وہ ایمان لاکر آزمائش کے وقت پھر جاتے ہیں۔مقدس لوقا 8:13

آئیں ہم خُداوند یسوعؔ مسیح سے پوچھیں کہ جب کوئی ہم سے ناراض ہوتا ہے۔تو ہم اُسے کیسے معاف کریں؟ جب ہمیں دوسروں کے بارے میں رائے دینا یا فتویٰ دینا ہو تو ہم کس طرح نرم اَور رحمدل ہوں؟ اَے خُداوند ہمیں بتا کہ ہم اپنے ذاتی مفاد کو مدِنظر رکھے بغیر کس طرح فیاض ہوں۔اَور ہمیں بتا کہ کس طرح ہم تجھ سے اور اپنے بہن بھائیوں سے وفادار رہیں۔جبکہ ہمیں وفاداری کی قیمت تکلیفوں کی صورت میں ادا کرنا پڑے؟

اے روح القدس، ہر وقت یسوعؔ کے کلام کے مطابق زندگی گزارنے میں میری مدد کر تاکہ نہ صرف میں اُسی وقت جب میں کلام سے خوشی اَور اطمینان پاؤں بلکہ جب یہ مجھ سے خود اپنے آپ کو پیش کرنے کا تقاضا کرے۔تو میں اِس پر پورا اُتروں۔

عاموس 8:4-7 مزمور 112

1 ۔تیموتاؤس 2:1-8 مقدس لوقا 16:1-13

## تم خُدا اور دولت دونوں کی غلامی نہیں کرسکتے۔مقدس لوقا 16:13

جب میں چھوٹا تھا تو آسمانی باپ نے مجھے بلایا کہ مَیں سب کچھ چھوڑ کر یسوعؔ کی پیروی کروں۔اُس وقت میرے پاس دولت نہیں تھی۔تاہم آج بھی میں وہ الفاظ سنتا ہوں۔جو مجھ سے کہے جاتے ہیں۔میں جو کچھ اپنی تسلی کے لئے ڈھونڈتا ہوں۔یہ ایک ایسی دولت ہےَ جو خدمت کے مترادف ہے۔جو خُداوند کی خدمت میں رکاوٹ ہےَ۔اے خُداوند یسوعؔ ہم سب کو اَور اپنی پیاری کلیسیا کو ایک ایسا دل عطا کر جو بالکل تیری محبت سے مالا مال ہو۔

# مقدس جنواریوس

امثال 34-27:3

مزمور 14

مقدس لوقا 18-16:8

## کجرو سے خُداوند کو نفرت ہے۔ امثال 32:3

آئیں ہم عہدِ عتیق کے اِس اظہار کو عہدِ جدید کی زبان میں بیان کرنے کی کوشش کریں۔ خُدا باپ کجرو کو گلے نہیں لگا سکتا۔ اِس لئے کہ روشنی کی موجودگی میں اندھیرے کا وجود نہیں رہ سکتا۔ اِس لئے اُن لوگوں کو حسد کی نگاہ سے نہ دیکھو جو بُرے کام کرتے اَور دولت مند ہیں۔ آپ اگرچہ غریب ہیں مگر آپ خُدا باپ پر بھروسہ رکھتے ہیں۔ اُس کی محبت سے خوش رہو اَور دُعا کرو۔ اَور اپنے آپ کو اُن لوگوں کی خاطر پیش کرو جو ابھی تک خُدا کو نہیں جانتے۔

**اِمثال 13-10,6-1:21** **مزمور 118**

## مقدس لوقا 21-19:8

## وہ خُدا کا کلام سنتے اور اُس پر عمل کرتے ہیں۔ مقدس لوقا 21:8

خُداوند یسوؔع مسیح فرماتے ہیں کہ جو کوئی خُدا کا کلام سنتا اَور اُس پر عمل کرتا ہےَ۔ وہ اُس کے لئے اُس کی ماں اَور بھائی اَور خاندان ہےَ۔ خُدا کا کلام کتنا انمول ہےَ۔ جب ہم خُدا کے کلام کو سنتے اَور محبت کے ساتھ اُس پر عمل کرتے ہیں۔ تو یہ خُدا کے بیٹے یسوؔع کے ساتھ ہماری رفاقت بن جاتی ہے۔ اِس رفاقت سے بڑا خزانہ کوئی ہو نہیں سکتا۔ یہ ابدی زندگی ہےَ۔ اے خُداوند یسوؔع مَیں ہر روز تیرے کلام کو تلاش کروں گا۔

# مقدس متی انجیل نویس کی عید

افسیوں 4:1-7،11-13 مزمور 18

## مقدس متی 9:9-13

## میں قربانی نہیں بلکہ رحم پسند کرتا ہوں۔ مقدس متی 9:13

خُداوند یسوؔع مسیح اَور فریسی ایک ہی کلام مقدس پڑھتے تھے۔ لیکن دونوں کا گنہگاروں کے بارے میں رویہ بڑا مختلف تھا۔ یسوؔع نے بیٹے کے دل کے ساتھ باپ کی بات سنی۔ وہ اُس کے کلام کے مطابق زندگی گزارنے کا مشتاق تھا۔ جب کلام مقدس اِس طریقے سے پڑھا جاتا ہے تو یہ ہمارے دل کو بدل کر رکھ دیتا ہے۔ مقدس متی رسول اَور انجیل نویس ہیلیلو یاہ گاتے اَور ہمارے لئے دُعا کرتے ہیں۔

جامع 1:2-11 | مزمور 89

## مقدس لوقا 9:7-9

## وہ اُس کو دیکھنے کی کوشش میں رہا۔ مقدس لوقا 9:9

ہیرودیس نے یسوعؔ کو دیکھنے کی کوشش کی۔ وہ خُداوند یسوعؔ مسیح کے معجزات سے پریشان تھا۔ وہ اُسے واقعی ہی دیکھنے کا خواہشمند تھا۔ وہ یسوعؔ کو زنجیروں میں ایک مجرم کی طرح جکڑا ہوا دیکھ رہا تھا۔ جسے پیلاطسؔ نے اُس کے پاس بھیجا تھا۔ یہاں تک کہ وہ اب بھی یسوعؔ کو معجزات کرتے دیکھنے کا خواہاں تھا۔ اَور وہ اب بھی یسوعؔ کی محبت کو دریافت کرنے اور یہ سمجھنے کے قابل نہیں تھا کہ وہ کون ہے؟

اے پیارے یسوعؔ تیرا شکر ہو۔ جب میں اناجیل مقدسہ کی کتاب کھولتا ہوں۔ جب میں تیرے ساتھ خاموشی میں وقت گزارتا ہوں اَور تیرے الفاظ، اعمال، تیرے قربان ہونے، جی اٹھنے اَور تیری محبت پر غور کرتا ہوں۔

## مقدس پادرے پیئو

جامع 3:1-11 مزمور 143

### مقدس لوقا 9:18-22

### یسوعؔ تنہائی میں دُعا کر رہا تھا۔ مقدس لوقا 9:18

یسوعؔ باپ سے تنہائی میں دُعا کیا کرتا تھا۔ اگر میں دُعا نہیں کرتا۔ تو میں یہ بھی نہیں جانتا کہ میری زندگی کا مقصد کیا ہے۔ میں کیوں زندگی گزارتا ہوں۔ کیوں دُکھ سہتا ہوں۔ کیوں پیار کرتا ہوں۔ میں کیوں دوبارہ دُعا کرنے کی توانائی اَور خوشی کھودیتا ہوں۔ میں ہر روز دُعا کرنے کو اول مقام دینا چاہتا ہوں۔ اے روح القدس تیرا شکر ہو۔ تو ہی یہ سب کچھ کرنے میں میری مدد کر۔

جامع 8:12-9:11 مزمور 89

مقدس لوقا 9:43-45

## اپنے خالق کو یاد کر۔ جامع 12:1

ان الفاظ میں نوجوانوں کو مخاطب کیا گیا ہے۔ بلکہ ہر ایک شخص کو مخاطب کیا گیا ہے۔ تاہم یہ سچ ہے کہ جب ہم جوان ہوتے ہیں تو ہم اپنی زندگی کی ساری بنیادیں استوار کرتے ہیں۔ اَور ان بنیادوں کو دُرست رکھنا نہایت ضروری ہے۔ اپنے خالق کو یاد رکھنا مجھے خُدا سے وابستہ رکھتا ہے۔ یہ خُدا سے وابستگی میرے وجود کو پہنچنے والے نقصان سے محفوظ رکھتی ہے۔ اَور یہ مجھے اِس خوشگوار ادراک میں رکھتا ہے۔ کہ میں کسی ایسے شخص سے تعلق رکھتا ہوں جو مجھ سے محبت رکھتا ہے۔ اَور میں کبھی تنہائی کا شکار نہیں ہوتا۔

عاموس 7-4,1:6 مزمور 145

1 تیموتاؤس 16-11:6 مقدس لوقا 31-19:16

## اب وہ تسلی پاتا ہے پر تو تڑپتا ہے۔ مقدس لوقا 25:16

کلامِ مقدس عقلمندی سے زندگی گزارنے میں ہماری مدد کرتا ہے۔ ہم زمین پر خوشی تلاش نہیں کرتے۔ جہاں ہر چیز ختم ہو جاتی ہے۔ بلکہ ہم آسمان میں خُدا باپ کے دل میں خوشی تلاش کرتے ہیں۔ جہاں محبت کا ہر فیاض عمل، یسوعؔ اَور غریبوں کے ساتھ صلیب میں شامل عمل، ابدی انعام پائے گا۔ آئیں ہم مقدس فلپ نیریؔ کے ساتھ مل کر خوشی سے کہتے ہیں کہ ''مَیں بہشت کو ترجیح دیتا ہوں''۔

## مقدس کاسمس اور مقدس دامیان

ایوب 1:6-22 | مزمور 16

### مقدس لوقا 9:46-50

### جو تم میں سب سے چھوٹا ہے۔ وہی بڑا ہے۔ مقدس لوقا 9:48

جیسا کہ ہر صحت مند مسیحی خاندان میں ہوتا ہے۔ اِسی طرح کلیسیا میں بھی ہوتا ہے۔ کہ سب سے بڑا کون ہے؟ توجہ اور محبت کا مرکز کون ہے؟ اگر وہ نہیں ہے جس کو توجہ اَور محبت کی سب سے زیادہ ضرورت ہے تو پھر اَور کون ہوسکتا ہے؟ پھر جب آپ سمجھتے ہیں کہ آپ غریب ہیں۔ تو آپ جان سکتے ہیں کہ خُدا باپ کا جھکاؤ آپ کی طرف ہے۔ اِس کے بجائے جب آپ سمجھتے ہیں کہ آپ مضبوط ہیں۔ تو آپ آسمانی باپ کی محبت کا وسیلہ بن سکتے ہیں۔ تو پھر ہمیشہ آسمانی باپ کے دِل کا محور بنے رہو گے۔

# مقدس ونسنٹ دے پال

ایوب 3:1-3,11-17,20-23 مزمور 87

## مقدس لوقا 9:51-56

## اُس کا رُخ یروشلیم جانے کا تھا۔ مقدس لوقا 9:53

سامریوں کے یہودیوں کے ساتھ کچھ اچھے تعلقات نہ تھے۔ اِس لئے وہ خُداوند یسوعؔ مسیح کو جو یروشلیم کی جانب جا رہے ہیں۔ استقبال کرنے سے انکار کرتے ہیں۔ یسوعؔ کی منزل ہمیں واضح طور پر بتاتی ہےَ کہ اُس نے مصائب کو پوری طرح اَور مضبوطی سے اَور یہاں تک کہ صلیب پر موت جو یروشلیم سے اشارہ کرتی ہےَ۔ اُس نے سب کو قبول کرلیا تھا۔ اُس کی محبت ہماری خاطر دکھوں کو قبول کرتی ہےَ۔ یہ ناقابلِ فہم دُکھوں کے بھید کا جواب ہےَ۔

## مقدس ونسلاؤس، مقدس لارنس روئزاور ساتھی

ایوب 9:1,12,14-16 مزمور 87

### مقدس لوقا 9:57-62

### جا اَور خُدا کی بادشاہی کی بشارت دے۔ مقدس لوقا 9:60

اے پیارے یسوعؔ تیرا شاگرد ہونا اَور مسیحی ہونا کتنے فضل کی بات ہے۔ میں اِس نعمت کے ذریعے دل کی آزادی سے سب کے ساتھ سچی محبت سے زندگی گزار سکتا ہوں۔ ہر صورتِ حال میں میرا منفرد کام یہ بن گیا ہے۔ کہ اپنے غریب دل میں موجود تجھے اَور خُدا کی بادشاہی کو پیش کروں اَور تیرے ساتھ سکون میں رہوں۔

## مقدس مائیکل، مقدس جبرائیل اَور مقدس رفائیل کی عید

دانیال 7:9-10,13-14 یا مکاشفہ 12:7-12 مزمور 137

### مقدس یوحنا 1:47-51

### ربی تو خُدا کا بیٹا ہے ۔ مقدس یوحنا 1:49

ایمان کا یہ اقرار جتنا مکمل اَور مختصر ہے ۔ ایمان کے اقرار کے یہ الفاظ نتن ایل کے منہ سے نکلے تھے جو ابھی خُداوند سے ملا تھا۔ یہ الفاظ کہاں سے آئے تھے؟ یقیناً یہ صحیفوں کا مطالعہ کرنے سے اُس کے ذہن میں پختہ ہو گئے تھے۔ نتن ایل بڑی لگن کے ساتھ مسیح کے آنے کا منتظر تھا۔ جب نتن ایل نے اپنا دل کھولا تو آسمان سے اُس کے دل میں روشنی داخل ہوئی جو یہ کام کر سکتی تھی ۔ جب ہم اپنا دل کھولتے ہیں تو آسمانی قوتیں، فرشتے اَور مقرب فرشتے سب خُدا کے بیٹے کے جلال کے لئے کام کرنے کو تیار ہو جاتے ہیں ۔

## مقدس جیروم

ایوب 38: 1، 12-21: 40: 3-5 زبور 138

### مقدس لوقا 10: 13-16

**اے کُورزِینؔ! تجھ پر افسوس۔ اے بیت صیداؔ! تجھ پر افسوس۔ مقدس لوقا 10: 13**

یسوعؔ کو ان شہروں کو ملامت کرنا چاہیئے ۔ جنہوں نے اُس کا خیر مقدم کیا۔ مگر وہ توبہ اَور محبت کے پھلوں سے جواب دینے میں ناکام رہے ۔ خُداوند یسوعؔ مسیح مجھے بھی اپنی کلیسیاء کے ذریعے اپنے کلام مقدس، اپنے پاک بدن ، بہن بھائیوں سے شراکت، جیسی کتنی نعمتوں سے نوازتا ہے ۔ اَے روح القدس میری مدد کر کہ میں اِن نعمتوں کا بے فائدہ خیر مقدم نہ کروں۔ بلکہ مجھے فضل بخش کہ میں اِس طرح ان کو حاصل کروں کہ یہ تیری آنے والی بادشاہی کے لئے پھل لانے کے لائق ٹھہریں۔